يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِنْ قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ

جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے تو انسان کی
کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہو گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary
(فتح محمد جالندهري)

سورة البروج

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

آسمان کی قسم جس میں برج ہیں	.1
اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے	.2
اور حاضر ہونے والے کی اور جو اس کے پاس حاضر کیا جائے اس کی	.3
کہ خندقوں (کے کھودنے) والے ہلاک کر دیئے گئے	.4
(یعنی) آگ (کی خندقیں) جس کا ایندھن (جھونک رکھا) تھا	.5
جبکہ وہ ان (کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے	.6

اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو سامنے دیکھ رہے تھے	7.
ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ خدا پر ایمان لائے ہوئے تھے جو غالب (اور) قابل ستائش ہے	8.
وہی ہے جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے۔ اور خدا ہر چیز سے واقف ہے	9.
جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی ان کو دوزخ کا (اور) عذاب بھی ہو گا اور جلنے کا عذاب بھی ہو گا	10.
(اور) جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے	11.
بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے	12.
وہ پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا	13.
اور وہ بخشنے والا اور محبت کرنے والا ہے	14.
عرش کا مالک بڑی شان والا	15.
جو چاہتا ہے کر دیتا ہے	16.
بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے	17.
(یعنی) فرعون اور ثمود کا	18.
لیکن کافر (جان بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں	19.
اور خدا (بھی) ان کو گرداگرد سے گھیرے ہوئے ہے	20.

(یہ کتاب ہزل وبطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے	.21
لوح محفوظ میں (لکھا ہوا)	.22

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com